महाराष्ट्र शासन
शालेय शिक्षण व क्रीडा विभाग
राज्य शैक्षणिक संशोधन व प्रशिक्षण परिषद, महाराष्ट्र
७०८ सदाशिव पेठ, कुमठेकर मार्ग, पुणे ४११०३०
संपर्क क्रमांक (०२०) २४४७ ६९३८ E-mail: evaluationdept@maa.ac.in

---

# Question Bank

Standard:- 10th — جماعت:-دہم

Medium:- Urdu — میڈیم:-اردو

Subject:- Geography — مضمون:-جغرافیہ

ہدایت:-

۱- یہ سوالات کا بینک صرف طلبہ کے لئے مثالی سوالیہ پرچے حل کرنے کی مشق کے لیے ہی دیے جارہے ہیں-

۲ –اس بات کو ذہن نشین رکھیں کہ بورڈ امتحانات کے سوالیہ پرچوں میں یہی سوالات نہیں آئیں گے–-

**سوال نمبر(1) صحیح متبادل چن کر جملے لکھئے۔**

1۔دریائے امیزان کی وادی.........................

(i) سایہ باراں ہے۔ (ii) دلدلی ہے۔ (iii) گھنے جنگلات سے گھرا ہے (iv) زرخیز

2۔مندرجہ ذیل میں سے ایک علاقائی سیر کے لیے کارآمد نہیں ہے۔

(i) نوٹ بک (ii) کیمرہ (iii) نقشہ (iv) رنگ کی چھڑی

3۔برازیل کی معیشت بالخصوص وہاں کے.......................پیشے پر منحصر ہے

(i) ابتدائی (ii) ثلاثی (iii) ثانوی (iv) رُبعی

4۔بھارت کا انتہائی شمالی سرِا میں.....................جنگلات پائے جاتے ہیں۔

(i) کانٹے دار (ii) پت جھڑ (iii) ہمالیائی (iv) سدابہار

5۔برازیل مشہور ہے.......................رقص کے لیے۔

(i)سانبھا (ii) بیہو (iii) بھانگڑا (iv) بھرت ناٹیم

6۔آبادی کے لحاظ سے بھارت دنیا میں۔۔۔۔۔۔۔نمبر پر ہے۔

(i) اوّل (ii) پنجم/پانچواں (iii) ساتواں (iv) دوّم/دوسرا

7۔امیزان دنیا کا ایک بڑا دریا ہے۔اس دریا کے دہانے پر.......................

(i) ڈیلٹا ہے (ii) ڈیلٹا نہیں ہے (iii) گہری کھاڑیاں ہیں (iv) ماہی گیری کا پیشہ کیا جاتا ہے۔

8۔بھارت میں ریلوے کا جال کم گنجان پایا جاتا ہے۔......................

(i) اترپردیش (ii) مہاراشٹر (iii) تامل ناڈو (iv) راجستھان

9۔جنوبی براعظم امریکہ کے یہ دو ممالک کی سرحدیں برازیل سے نہیں ملتیں۔

(i) چلی۔ایکویڈور (ii) ارجنٹینا۔بولیویا (iii) کولمبیا۔فرینچ گیانا (iv) سری نام۔اُروگوما

10۔بھارت اور برازیل ممالک میں نظام حکومت۔۔۔۔۔قسم کا ہے۔

(i) فوجی (ii) اشتراکی (iii) جمہوری (iv) صدارتی

11۔بھارت کا انتہائی جنوبی سرا............................نام سے جانا جاتا ہے۔

(i) لکش دویپ (ii) کنیا کماری (iii) اندرا پوائنٹ (iv) پورٹ بلیئر

12۔برازیل میں سدابہار بارانی جنگلات کو کہا جاتا ہے۔.........................

(i) بحیرۂ روم کا جنگل (ii) دنیا کے پھیپھڑے (iii) دنیا کا فی کا برتن (iv) کوہستانی

13۔ بھارت اور برازیل دونوں ملکوں کی معیشت.................. قسم ہے۔

(i) غیر ترقی یافتہ (ii) ترقی یافتہ (iii) ترقی پذیر (iv) انتہائی ترقی یافتہ

14۔ خواتین کی تعداد.................................. مردوں میں شامل ہونے والے جنسی تناسب سے جانا جاتا ہے۔

(i) فیصد (ii) فی لاکھ (iii) فی ہزار (iv) فی ملین

15۔ برازیل کا زیادہ تر حصہ.........................

(i) بلند زمین کا ہے (ii) میدانی (iii) پہاڑی ہے (iv) منتشر ٹیکریوں کا ہے

16۔ برازیل کی طرح بھارت میں بھی......................

(i) اونچے پہاڑ ہیں (ii) قدیم سطح مرتفع (iii) مغربی سمت بہنے والے دریا ہیں (iv) برف پوش پہاڑیاں ہیں

17۔ دریائے امیزان کی وادی.........................

(i) سارا یہ باراں ہے (ii) دلدلی ہے (iii) انسانی بستی کے لئے موزوں ہے (iv) ذرخیز ہے

18۔ بحیرۂ عرب کے لکش دویپ جزائر.........................

(i) اصل سرزمین سے ٹوٹے ہوئے زمینی حصے سے بنے ہوئے ہیں۔ (ii) مونگے کے جزائر ہیں

(iii) آتش فشانی جزائر ہیں (iv) براعظمی جزائر ہیں۔

19۔ اراولی پہاڑ کے دامن میں.........................

(i) بندیل کھنڈ کی سطح مرتفع ہے (ii) میواڑ کی سطح مرتفع ہے

(iii) مالوا کی سطح مرتفع ہے (iv) دکن کی سطح مرتفع ہے

20۔ بستیوں کا مرکوز ہونا درج ذیل امر سے وابستہ ہے۔

(i) سمندر سے قربت (ii) میدانی علاقہ (iii) پانی کی دستیابی (iv) آب وہوا

21۔ بھارت میں منتشر بستیوں کی قسم کہاں پائی جاتی ہے۔

(i) ندی کنارے (ii) آمدورفت کی سڑکوں سے متصل (iii) پہاڑی علاقے میں (iv) صنعتی علاقے میں

22۔ نربدا ندی کی وادی میں مرکوز بستی کیوں پائی جاتی ہے؟

(i) جنگلاتی چادر (ii) زراعت کے قابل زمین (iii) نشیب وفراز والی زمین (iv) صنعت اور پیشے

23۔ برازیل کے جنوبی مشرقی حصے میں خاص طور پر کس قسم کی بستی پائی جاتی ہے۔

(i) مرکوز (ii) خطی (iii) منتشر (iv) اختری

24۔ برازیل میں کونسی ریاست کم شہرکاری والی ہے۔

(i) پارا (ii) اُماپا (iii) اسپریتوسانتو (iv) پیرانا

**سوال نمبر(1) صحیح تعلق پہچانیے اور زنجیر مکمل کیجئے۔**

| سمتیں | پڑوسی ممالک | سمندر(بحراعظم) |
|---|---|---|
| (۱) شمال | پاکستان | بحیرۂ بنگال |
| (۲)مشرق | فرینچ گیانا | بحرِ ہند |
| (۳) جنوب | سری لنکا | بحرِ عرب |
| (۴)مغرب | بنگلہ دیش | شمالی بحرِ اوقیانوس |

سوال نمبر(1) صحیح تعلق پہچانیے اور زنجیر مکمل کیجئے۔

| جنگلات کی قسمیں | درخت | خصوصیات |
|---|---|---|
| (۱) ساحلی جنگلات | کھیر | درختوں کے پتوں کا جھڑنا |
| (۲) سدابہار جنگلات | سندری | نرم لکڑی والے درخت |
| (۳)پت جھڑ جنگلات | مہوگنی | چھوٹے پتے والے درخت |
| (۴) کانٹے دار درخت | ساگوان | چوڑے سدابہار درخت |

**سوال نمبر1۔ صحیح گروہ پہچانیے۔**

۱)برازیل کا شمال مغربی سمت سے جنوب مغربی سمت جاتے ہوئے نظر آنے والی قدرتی ساخت کی ترتیب۔

i) دریائے پیرانا کی وادی ۔ گیانا کی بلندزمین ۔ برازیل کی بلندزمین

ii) گیانا کی بلندزمین ۔ امیزان کی وادی ۔ برازیل کی بلندزمین

iii) ساحلی علاقہ ۔امیزان کی وادی ۔ برازیل کی بلندزمین

**۲) برازیل کے یہ دریا شمالی سمت بہنے والے ہیں۔**

i) جروکا ۔زنگو ۔ اراگوا

ii) نیگرو ۔برانکو ۔پارو

iii) جاپورا ۔ جاروواـ پروس

**۳) بھارت کی جنوبی سمت سے شمالی سمت جاتے ہوئے پائی جانے والی مرتفع سطحوں کی ترتیب۔**

i) کرناٹک ۔مہاراشٹر ۔ بندیل کھنڈ

ii) چھوٹانا گپور۔مالوہ۔مارواڑ

iii) تلنگانا ۔مہاراشٹر ۔مارواڑ

سوال نمبر1 ۔ صحیح تعلق پہچانیے ۔اورزنجیر مکمل کیجیے۔

| الف | ب | ج |
|---|---|---|
| (۱) بھارت | رقص کی قسم | راجدھانی |
| (۲) سانبا | مشہورکھیل | خطِ استواء |
| (۳) کرکٹ | بھارت کے وسطی مقام سے گذرنے والا | برازیل |
| (۴) عرض البلدی وسعت | نئی دہلی | بھارت |

**سوال نمبر2 ۔ متفرق جز پہچانیے۔**

الف) برازیل میں جنگلات کی قسم۔

(۱) کانٹے دارجنگلات (۲) سدابہارجنگلات

(۳) ہمالیاتی جنگلات (۴) پت جھڑ والے جنگلات

ب) بھارت میں جنگلات کی قسم۔

(۱) چمرنگ کے جنگلات (۲) بحیرۂ رومی جنگلات

(۳) کانٹے دارجنگلات (۴) استوائی جنگلات

ج) برازیل کے جنگلی جانور۔

(۱)ایناکونڈا (۲)نامرن (۳)لال پانڈا (۴)شیر ببر

د) بھارتی نباتات کے حوالے سے۔

(۱)دیودار (۲)اُنجن (۳)آرکیڈ (۴)بڑ

ڈ)برازیل کی اہم فصلیں۔

(۱)کوکو (۲)کافی (۳)سویابین (۴)جوار

علاقائی سیر کا بنیادی مقصد۔

(۱)جغرافیائی (۲)تاریخی (۳)لطف اندوزی (۴)تہذیبی

ذ) بھارت میں نمک کی پیداوار کی ریاستیں۔

(۱) گجرات (۲)راجستھان (۳)بہار (۴)تامل ناڈو

**سوال نمبر 2۔ ہدایت کے مطابق ذیل میں دیے گئے سوالات کے جواب دیجیے۔**

۱) مندرجہ ذیل بیانات کو مناسب ترتیب میں لکھیے ۔

**علاقائی سیر کی تیاری :**

a) علاقائی سیر کو جانے والا مقام

b) علاقائی سیر کا انتخاب

c) روداد نِگاری

d) علاقائی سیر کی تیاری

i) B,A,D,C ii) C,A,B,D

iii) D,A,B,C iv) A,B,C,D

۲) متفرق جز پہچانیے ۔

**بھارت کے درخت**

a) دیودار b) انجن c) آرکیڈ d) برگد

**۳) برازیل کے یہ دریا شمالی سمت بہنے والے ہیں۔**

i) چِروکا ، رنگو ، اراگوا

ii) نیگرو ، برانکو ، پارو

iii) جاپورا ،جاروَوا ، پروس

**۴) بھارت کی درج ذیل ریاستوں کے نام آبادی کی تقسیم کے مطابق اترتی ترتیب میں لکھیے ۔**

ہماچل پردیش ،اترپردیش ، اروناچل پردیش ،مدھیہ پردیش ،آندھرا پردیش

**۵) برازیل کی درج ذیل ریاستوں کے نام آبادی کی تقسیم کے مطابق چڑھتی تی ترتیب میں لکھیے۔**

امیزاناس ، ریودی جانیرو ،الاگواس، ساؤ پاؤلو ، پیرانا

سوال نمبر 2۔ جوڑیاں لگایئے۔

| ب | الف |
| --- | --- |
| (i) سندری | (۱) سدابہار جنگلات |
| (ii) پائن | (۲) پت جھڑ کے جنگلات |
| (iii) پاؤ۔ براسیل | (۳) ساحلی جنگلات |
| (iv) کھیجری | (۴) ہمالیہ کے جنگلات |
| (v) ساگوان | (۵) کانٹے دار جنگلات |
| (vi) امر | |

سوال نمبر 2۔ جوڑیاں لگایئے۔

| B | A |
| --- | --- |
| (۱) کم بارش کا علاقہ | (الف) میناس |
| (۲) مرکوز بستیاں | (ب) راجستھان |
| (۳) بنگال کا شیر | (ج) برازیل کے بلند زمینی حصّے |
| (۴) چراگاہ کے جانور | (د) شمالی بھارت کا میدانی علاقہ |
| (۵) دلدلی علاقے | |
| (٦) درجہء حرارت میں زیادہ فرق نہیں | |

**سوال نمبر 2۔ جوڑیاں لگایئے۔**

| B | A |
| --- | --- |
| (i) سیاحتی مقام | (الف) ٹرانس امیزونین راستہ |
| (۲) بھارت کا ریلوے اسٹیشن | (ب) بھارت میں سڑکوں کے ذریعے نقل وحمل |
| (۳) سنہری چوگوشہ شاہراہ | (ج) ریو دی جانیرو |
| (۴) برازیل کے اہم آمدروفت کے راستے | |

**سوال نمبر3۔ فرق واضح کیجیے۔**

۱) دریائے گنگا میں آبی نقل وحمل اور دریائے امیزان مین آبی نقل وحمل

۲) برازیل میں مواصلات اور بھارت میں مواصلات

۳) بھارتی معیاری وقت اور برازیلی معیاری وقت

۴) محل وقوع وسعت اور سرحد برازیل اور بھارت

۵) طبعی ساخت برازیل اور بھارت

۶) شمالی بھارت کا میدان اور برازیل کا میدان

۷) بھارت کا تاریخی پس منظر اور برازیل کا تاریخی پس منظر

۸) بھارت اور برازیل کی آب وہوا۔

۹) نباتات برازیل اور بھارت

۱۰) حیوانی زندگی برازیل اور بھارت

۱۱) عرصئہ حیات برازیل اور بھارت

۱۲) شہرکاری بھارت اور برازیل

۱۳) زراعت برازیل اور بھارت

۱۴) پیشے برازیل اور بھارت

۱۵) نقل وحمل برازیل اور بھارت

۱۶) سیاحت بھارت اور برازیل

**سوال نمبر3 ۔ایک جملے میں جواب دیجیے۔**

۱) بھارت کا انتہائی جنوبی سرا کونسا ہے؟

۲) بھارت کا محل ووقوع کس نصف کرہ میں ہے؟

۳) کس ملک کو دنیا کا کافی پیالہ کہا جا تا ہے؟

۴) بھارت کی کونسی ندی مغربی سمت بہنے والی ہے؟

۵) گنگا ندی کا منبع کہاں ہے؟

۶) برازیل کی سب سے بلند چوٹی کونسی ہے؟

۷) برازیل میں خط جدی کے جنوب کی طرف کس طرح کی آب وہوا پائی جاتی ہے؟

۸) برازیل کا محل وقوع کس نصف کرہ میں ہے؟

۹) بھارت کے کس دریا کی وادی میں آبادی کی تقسیم زیادہ ہے؟

۱۰) برازیل میں کس قسم کی معیشت پائی جاتی ہے؟

۱۱) برازیل کے جنوبی مشرقی حصہ میں خاص طور پر کس قسم کی بستی پائی جاتی ہے؟

۱۲) بھارت کے دلدلی علاقوں میں کس قسم کے نباتات رجنگلات پائے جاتے ہیں؟

۱۳) گلابی ڈالفن کس ملک کی خصوصیت ہے؟

۱۴) برازیل کے بارانی جنگلات کیا کہلاتے ہیں؟

۱۵) بھارت میں مردم شماری کتنے سالوں میں کی جاتی ہیں؟

۱۶) تناسب جنس سے کیا مراد ہے؟

۱۷) کیرالا ریاست کا آبادی کا گنجان پن کتنا ہے؟

۱۸) راجستھان کے ریگستانی علاقے میں کس قسم کی بستیاں پائی جاتی ہیں؟

۱۹) برازیل کی سب سے زیادہ شہرکاری والی ریاست کون سی ہے؟

۲۰) برازیل کن فصلوں کی برآمد کرتا ہے؟

۲۱) برازیل کے مغربی حصہ میں کون سی ندی کی وادی ہے؟

۲۲) تجارتی توازن سے کیا مراد ہے؟

۲۳) سب سے مہنگی نقل وحمل کی کون سی قسم ہے؟

۲۴) برازیل کے کوئی ایک سیاحتی رشہر کا نام لکھیے۔

۲۵) مواصلات سے کیا مراد ہے؟

۲۶) برازیل میں سب سے کم نقل وحمل کس حصہ میں ہوتی ہے؟

**سوال نمبر(3) مختصراً نوٹ لکھئے۔**

(۱) امیزان کی وادی
(۲) علاقائی سیر کے مقاصد
(۳) بھارت کا تاریخی پس منظر
(۴) بھارت اور برازیل کے آب و ہوا کا موازنہ
(۵) برازیل کی نباتات
(۶) بھارت حیوانی زندگی
(۷) برازیل کی آبادی کا گنجان پن
(۸) بھارت اور برازیل کی شہرکاری موازنہ
(۹) بھارت میں زراعت
(۱۰) برازیل میں صنعت وحرفت
(۱۱) برازیل میں نقل وحمل
(۱۲) بھارت کے سیاحتی مقامات
(۱۳) برازیل میں مواصلاتی ترقی
(۱۴) بھارت میں مواصلات
(۱۵) ہمالیہ
(۱۶) برازیل کا ساحلی علاقہ
(۱۷) جزیرہ نما بھارت کا علاقہ
(۱۸) عظیم عمودی چٹان
(۱۹) مواصلات کی موجودہ تعریف
(۲۰) بھارت میں ہوائی نقل وحمل
(۲۱) طبعی ساخت اور اندرون ملک آبی راستے

سوال نمبر 4 (A) دیے گئے برازیل کے نقشے میں درج ذیل کی نشاندہی کیجیے۔ان کا نام لکھئے۔اوراشاریہ بنائیے۔

۱) پنٹال

۲) کانٹے دار جھاڑیوں والے نباتات

۳) پمپاس کے گھاس کا علاقہ

۴) کافی کی پیداوار کا علاقہ

۵) شمالی گنجان شہری علاقہ (اماپا)

۶) میناس بندرگاہ

سوال نمبر 4 (A) دیے گئے بھارت کے نقشے میں درج ذیل کی نشاندہی کیجیے۔ان کا نام لکھئے۔اوراشاریہ بنائیے۔

۱) سکّم

۲) دریائے نربدا

۳) سرد صحرا

۴) ایک سینگ کا گینڈا

۵) جنوبی بھارت کی ایک گنجان آبادی والی ریاست

۶) ممبئی۔اہم بندرگاہ

سوال نمبر 4 (A) دیے گئے بھارت کے نقشے میں درج ذیل کی نشاندہی کیجیے۔ان کا نام لکھئے۔اوراشاریہ بنائیے۔

۱) تھار کا ریگستان

۲) لدّاخ

۳) 0-20% شہرکاری والی شمالی مشرقی ریاست

۴) شمال میں سیب کی پیدائش والی ریاست

۵) چنئی بندرگاہ

۶) سیاحتی مقام۔کنیا کماری

سوال نمبر 4 (A) دیے گئے برازیل کے نقشے میں درج ذیل کی نشاندہی کیجیے۔ان کا نام لکھئے۔اور اشاریہ بنائیے۔

۱) برازیل کی بلند چوٹی

۲) قحط کا چوگوشہ

۳) اینا کونڈا

۴) پمپاس گھاس کے میدان


۵) برازیل کی سب سے چھوٹی ریاست

۶) برازیل کی راجدھانی

سوال نمبر(4) (B) مندرجہ ذیل نقشے کا مطالعہ کر کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب دیجئے۔(کوئی چار)

Map: Indian National Highways and Major Ports

قومی شاہراہیں اوراہم بندرگاہیں




**سوالات:۔**

1۔ نقشے میں آمدورفت کے کون کون سے ذرائع نظر آرہے ہیں؟

2۔ بھارت کے کس حصے میں سڑکوں کا گھنا جال نظر آتا ہے؟


3۔ پانچ اہم بندرگاہوں اور پانچ ہوائی اڈّوں کے نام لکھیے۔

4۔ بھارت کے کس حصے میں آمدورفت کا جال کم گھنا نظر آتا ہے؟ اس کی کیا وجہ ہوسکتی ہے؟

5۔ مغربی ساحل کی کوئی ایک بندرگاہ کا نام لکھیے۔

## سوال نمبر(4) (B) مندرجہ ذیل نقشے کا مطالعہ کر کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب دیجئے۔(کوئی چار)

### (نقشہ: بھارت۔طبعی)




سوالات:۔

1۔ وندھیا پہاڑ کن دریاؤں کی وادیوں کیلئے آبی تقسیم کار ہے؟

2۔جزیرہ نما بھارت میں جنوب کی سمت بہنے والی ندی کا نام لکھئے۔


3۔کوہِ اراوالی سے چھوٹا ناگپور کی سطح مرتفع کے درمیان موجود مرتفع سطحوں کے نام لکھئے۔

4۔مشرقی گھاٹ کی چوٹیوں کے نام لکھئے۔

5۔سہیادری پہاڑ کی اونچائی کس سمت میں بڑھتی چلی جاتی ہے؟

سوال نمبر(4) (B) مندرجہ ذیل نقشے کا مطالعہ کر کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب دیجئے۔(کوئی چار)

(نقشہ: بھارت۔قومی شاہراہیں اور اہم بندرگاہیں)




سوالات:۔

1۔ نقشے میں آمد ورفت کے کون کون سے ذرائع نظر آتے ہیں؟

2۔بھارت کے کس حصے میں سڑکوں کا گھنا جال نظر آتا ہے؟

3۔مشرقی ساحل کی کوئی دو بندرگاہوں کے نام لکھیے۔

4۔بھارت کے کس حصّے میں آمدورفت کا جال کم گھنا نظر آتا ہے؟

5۔کنیا کماری اور سری نگر کو کون سی شاہرہ ملتی ہیں؟

6۔مشرق۔مغرب شاہراہ کن دو شہروں کو جوڑتی ہیں؟

**سوال نمبر(4) (B) مندرجہ ذیل نقشے کا مطالعہ کر کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب دیجئے۔**




۱) امیزان دریا کی وادی کی بلندی کے مدارج بتائیے۔

۲) امیزان دریا کی وادیاں کون سی دو بلند زمینوں کے درمیان ہیں؟

۳) پیکو دی نبیلینا چوٹی کی بلندی لکھیے۔

۴) کٹنگا کا علاقہ کس سمت میں واقع ہے۔

## سوال نمبر 5۔ جغرافیائی وجوہات بیان کیجیے۔

١۔ انسانی بستی کو فروغ دینے کا اہم سبب پانی کی دستیابی ہے۔
٢۔ برازیل میں مغربی سمت میں بہنے والے دریا نہیں ملتے۔
٣۔ برازیل میں بلند زمینی حصّے کے شمال مشرقی سمت میں بارش بہت کم ہوتی ہے۔
٤۔ آبادی ایک اہم وسیلہ ہے۔
٥۔ برازیل کا شمالی حصّہ گھنے جنگلات سے گھرا ہوا ہے۔
٦۔ برازیل میں آبی راستوں کا فروغ نہیں ہوا ہے۔
٧۔ برازیل میں ماحول دوست سیاحت کو زیادہ ترقی دی جا رہی ہے۔
٨۔ برازیل میں انسانی بستی کی مرکوزیت مشرقی ساحل کے قریب پائی جاتی ہے۔
٩۔ برازیل میں آبادی کے گنجان پن کی تقسیم بہت کم ہے۔
١٠۔ بھارت کے مغربی اور مشرقی ساحلی علاقوں میں فرق پایا جاتا ہے۔
١١۔ برازیل میں ہمیشہ برف باری نہیں ہوتی۔
١٢۔ ہمالیہ کے بلند علاقوں میں نباتات کی تعداد کم ہے۔
١٣۔ بھارت کے مشرقی ساحل پر قدرتی بندرگاہیں کم ہے۔
١٤۔ شمالی بھارت کے میدانی علاقوں میں ریل کے راستوں کے گھنے جال نظر آتے ہیں
١٥۔ برازیل میں کپڑوں کے اقسام بہت زیادہ ہیں۔
١٦۔ بھارت میں آبادی کے گنجان پن کی تقسیم زیادہ ہے۔
١٧۔ بھارت میں احمالی قسم کی بارش بہت کم ہے۔
١٨۔ بھارت میں جنگلی جانوروں کی تعداد دن بہ دن کم ہوتی جا رہی ہے۔
١٩۔ ملک کی ہمہ جہت ترقی کے لیے نقل و حمل کے راستوں کی ترقی ضروری ہے
٢٠۔ برازیل میں منطقہ حارہ کے گرد باد طوفان کم پیمانے پر آتے ہیں۔
٢١۔ بھارت میں شہر کاری میں اضافہ ہو رہا ہے۔
٢٢۔ شمالی مشرقی برازیل میں بستیاں گنجان نہیں ہیں۔
٢٣۔ شمالی بھارت میں دیگر ریاستوں کے مقابلے میں دلّی اور چندی گڑھ میں شہر کاری زیادہ

ہوتی ہے۔

۲۴۔ دریائے امیزان کی وادی میں آبادی کم ہے۔

۲۵۔ میناس شہر کے درجہء حرارت کے مدارج میں سال بھر میں بہت زیادہ فرق نہیں ہوتا۔

۲۶۔ بھارت کی طرح برازیل میں بھی جنگلات کا تحفّظ ضروری ہے۔

۲۷۔ گنگا کی وادی میں آبادی گنجان ہے۔

۲۸۔ دریائے امیزان کے مقابلے میں دریائے گنگا کی آلودگی کے اثرات عوامی زندگی پر زیادہ ہوتے ہیں۔

۲۹۔ شمالی مشرقی مانسونی ہواؤں کی وجہ سے بھی بھارت میں بارش ہوہے۔

۳۰۔ بھارت اور برازیل دونوں ملکوں میں مخلوط معیشت پائی جاتی ہے۔

۳۱۔ بین الاقوامی تجارت کے لئے آبی راستوں پہ منحصر رہنا پڑتا ہے۔

۳۲۔ برازیل کی فی کس حامل زمین بھارت کے مقابلے میں زیادہ ہے۔

سوال نمبر 6 (A) جدول کی مدد سے خطی ترسیم بنائیے اوراس کا بغور مطالعہ کر کے ذیل میں دیے ہوئے سوالوں کے جواب دیجیے

# India-trends of urbanization (%)

| Year | India |
|---|---|
| 1961 | 18.0 |
| 1971 | 18.2 |
| 1981 | 23.3 |
| 1991 | 25.7 |
| 2001 | 27.8 |
| 2011 | 31.2 |


ا) کس سال میں 18% شہری کاری دیکھا جا رہا ہے۔

۲) ۲۰۰۱ سے ۲۰۱۱ کے دوران شہریانے میں کتنے فی صد اضافہ ہوا ہے۔

۳) کس زمانے / دہائی میں شہر کاری میں تیز رفتار اضافہ ہوا؟

OR(یا)

سوال نمبر 6 (B) ترسیم کا مشاہدہ کر کے درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔




۱) یہ کس قسم کی ترسیم ہے۔

۲) سب سے زیادہ آبادی کس عمر کے گروپ میں ہے؟

۳) Y محور پر دی گئی عمر کے گروپ کا وقفہ لکھیے؟

۴) کن کی تعداد 60 سال سے زیادہ عمر کے مردوں اور خواتین میں زیادہ ہے؟

۵) 55 سے 59 سال کی عمر کے خواتین میں کیتنی فی صد خواتین پائے جاتی ہیں؟

٦) کس عمر کے بعد آبادی میں کمی پائی جاتی ہے؟

سوال نمبر 6 (A) جدول کی مدد سے خطی ترسیم بنائیے اوراس کا بغور مطالعہ کرکے ذیل میں دیے ہوئے سوالوں کے جواب دیجیے

**Export of India to Brazil (million US dollars)**


| Year | Export |
|---|---|
| 2008 | 3700 |
| 2009 | 2200 |
| 2010 | 4200 |
| 2011 | 6100 |
| 2012 | 5000 |

۱) ۲۰۰۸ میں کتنے فی صد برآمد ہوئی؟

۲) کس سال بھارت میں سب سے زیادہ برآمد ہوئی؟

۳) ۲۰۰۹ اور ۲۰۱۱ کے درمیان کتنے فی صد برآمد بڑھ گئی؟

سوال نمبر 6 (B) ترسیم کا مشاہدہ کرکے درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔



۱) یہ کس قسم کی ترسیم ہے۔

۲) سب سے زیادہ آبادی کس عمر کے گروپ میں ہے؟

۳) Y محور پر دی گئی عمر کے گروپ کا وقفہ لکھئے؟

۴) کن کی تعداد 60سال سے زیادہ عمر کے مردوں اورخواتین میں زیادہ ہے؟

۵) کس عمر کے بعد آبادی کے فی صد میں کمی پائی جاتی ہے۔

**سوال نمبر 6 (A) دیے گئے اعداد وشمار کی مدد سے ایک سادہ ستونی ترسیم تیار کریں اور درج ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔**

**Brazil-% of urban population**

| Year | % of urban population |
|---|---|
| 1960 | 47.1 |
| 1970 | 56.8 |
| 1980 | 66.0 |
| 1990 | 74.6 |
| 2000 | 81.5 |
| 2010 | 84.6 |

۱) اعداد وشمار میں سالانہ فرق کتنا ہے۔

۲) کس زمانے میں شہر کاری میں اضافہ ہوا۔

۳) ترسیم کا تجزیہ کرتے ہوئے پانچ جملے لکھئے۔

(یا) OR

سوال نمبر 6 (B) ترسیم کا مشاہدہ کر کے درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔




۱) ۱۹۶۱میں شہرکاری کا فی صد کیا تھا؟

۲) کس دہائی میں شہرکاری سب سے زیادہ تھی؟

۳) کس دہائی میں شہرکاری میں اضافہ سب سے کم ہوا؟

۴) خطی ترسیم کا رجحان دیکھتے ہوئے بھارت میں شہرکاری کے متعلق آپ کیا نتیجہ اخذ کریں گے؟

۵) کس دہائی میں شہرکاری کا فیصلہ ۲۷.۸ تھا؟

۶) ۱۹۸۱ اور ۱۹۷۱ کی شہریت کی فی صد کے مابین کیا فرق ہے۔

سوال نمبر 6 (A) دیے گئے اعداد و شمار کی مدد سے ایک سادہ ستونی ترسیم تیار کریں اور درج ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔

**Brazil-life expectancy**

| Years | Life expectancy |
|---|---|
| 1960 | 54 |
| 1970 | 59 |
| 1980 | 61 |
| 1990 | 65 |
| 2000 | 70 |
| 2010 | 73 |
| 2016 | 75 |


۱) اعداد و شمار میں سالانہ فرق کتنا ہے۔

۲) ۱۹۶۰ اور ۲۰۱۶ کی متوقع عمر میں کیا فرق ہے۔


۳) ترسیم کا تجزیہ کرتے ہوئے پانچ جملے لکھئے۔

(یا)

سوال نمبر 6 (B) ترسیم کا مشاہدہ کرکے درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔




اندرون ملک مجموعی پیداوار میں مختلف پیشوں کا حصہ (۲۰۱۶ء)




مختلف پیشوں سے منسلک آبادی کا فیصد

ابتدائی ■ ثانوی ■ ثلاثی ■

۱) ابتدائی پیشوں سے منسلک کس ملک کی آبادی کا فیصد زیادہ ہے۔

۲) کس ملک کی مجوعی ملکی پیداوار میں ثلاثی پیشوں کا حصّہ زیادہ ہے۔

۳) کس ملک کی مجوعی ملکی پیداوار میں ثانوی پیشوں کا حصہ زیادہ ہے۔

۴) کیا ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ بھارت کی طرح برازیل کی معیشت کا انحصار زراعت پر ہے؟ اس کی وجوہات بتائیے۔

۵) کس ملک آبادی کا زیادہ فیصد حصّہ ثانوی پیشوں میں مصروف ہے۔

۶) بھارت میں کتنے فیصد آبادی ثلاثی پیشوں میں حصّہ لیتی ہے۔

**سوال نمبر 7۔ مختصر جواب لکھیے۔**

۱۔ علاقائی سیر کے دوران کسان کے انٹرویو کے لیے سوالنامہ تیار کیجیے۔

۲۔ بھارت اور برازیل کا تاریخی پسِ منظر بیان کیجیے۔

۳۔ برازیل کی آب وہوا پر اثر انداز ہونے والے عوامل بیان لکھیے۔

۴۔ جنوب شمال کی جانب بھارت کی آب وہوا میں ہونے والی تبدیلی کو مختصراً بیان کیجیے۔

۵۔ برازیل کے کون سے عوامل سیاحوں کو زیادہ راغب کرتے ہیں۔

۶۔ بھارت اور برازیل اپنے اپنے محل وقوع کے لحاظ سے کن باتوں میں مختلف ہیں۔

۷۔ اپنے علاقائی سیر کی روداد تیار کیجیے۔

۸۔ بھارت کی آب وہوا میں بحرِ ہند اور ہمالیہ کی اہمیت مختصراً لکھیے۔

۹۔ آبادی کی تقسیم اور آب وہوا کے آپسی تعلق کو مثالوں کے ذریعے واضح کیجیے۔

۱۰۔ بھارت اور برازیل کی طبعی ساخت کا فرق بتایئے۔

۱۱۔ برازیل کے مغربی حصّے میں کان کنی کے پیشے کا فروغ کم کیوں ہوا ہے۔

۱۲۔ پنٹا تال کے وسیع وعریض اندرونِ برّاعظمی علاقے میں دلدل بننے کے کیا اسباب ہو سکتے ہیں۔

۱۳۔ برازیل اور بھارت کی قدرتی جنگلات کی قسموں میں فرق واضح کیجیے۔

۱۴۔ برازیل اور بھارت کو کون کونسی ماحولیاتی مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

۱۵۔ جنگلی جانوروں کی زندگی اور قدرتی نباتات کے مابین تعلق واضح کیجیے۔

۱۶۔ بھارت اور برازیل کے عرض البلدی اور طول البلدی وسعت بتایئے۔

۱۷۔ بھارت میں دریاؤں کی آلودگی پر قابو پانے کے لئے کون کون سے منصوبے جاری ہیں۔

۱۸۔ کارخانے کی علاقائی سیر کے لئے سوال نامہ تیا کیجیے۔

۱۹۔ بھارت اور برازیل کی آب وہوا کا موازنہ کیجیے۔

۲۰۔ بھارت اور برازیل میں جاری ماہی گیری کے پیشے میں یکسانیت اور فرق بتایئے۔

۲۱۔ بھارت کے میدانی علاقے کی خصوصیات بتایئے۔

۲۲۔ بھارت کا سب سے زیادہ حصہّ پت جھڑ والے جنگلات سے کیوں بھرا ہے۔

۲۳۔ بھارت کے اہم آبی تقسیم کاروں کی وضاحت مثالوں کے ساتھ کیجیے۔

۲۴۔ علاقائی سیر کے لیے آپ کون کون سی اشیاء ساتھ لیں گے۔

۲۵۔ برازیل کے اندرونی حصّوں میں ریل راستوں کی ترقی میں کون سی رکاوٹیں ہیں۔

۲۶۔ برازیل اور بھارت میں جنگلات کا خاتمہ ہونے کی وجوہات کیا ہیں۔

۲۷۔ علاقائی سیر کے دوران کچرے کو ٹھکانے لگانے کا انتظام کس طرح کریں گے۔

۲۸۔ بھارت اور برازیل کی آبادی کی تقسیم میں یکسانیت اور فرق واضح کیجیے۔

۲۹۔ کن وسائل وجہ سے مواصلات کی رفتار بہت تیز ہوگئی ہے۔

۳۰۔ بھارت اور برازیل میں شہرکاری کا تقابلی جائزہ لیجیے۔

۳۱۔ دریائے گنگا اور دریائے امیزان کی وادیوں کی اضافی بستیوں کا فرق واضح کیجیے۔

۳۲۔ صرف مخصوص مقامات پر ہی انسانی بستیوں میں اضافہ کیوں نظر تا ہے۔